2/42

1603N207

Candidate's Seat No :________

M.A. Sem.-1 Examination
402
Urdu
March 2022

Time : 2-00 Hours] **[Max. Marks : 50**

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں کل آٹھ (۸) سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصہ دوّم میں کل سولہ (۱۶) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

(حصہ اوّل)

سوال : ۱ گجرات میں اردو زبان کے آغاز اور ارتقاء پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۲ اردو زبان کے فروغ میں گجرات کے کلاسیکل شعراء کی خدمات سے متعارف کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۳ عادل منصوری کی شاعری کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

سوال :۴ محمد علوی کی حیات اور شاعری پر مفصل روشنی ڈالئے۔ ۱۴

سوال :۵ ولی گجراتی کی سوانح حیات بیان کرتے ہوئے ان کی غزلوں کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

سوال : ۶ جینت پرمار کی ادبی خدمات کا احاطہ کرتے ہوئے ان کی شاعری پر بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال :۷ فخر الدین فخر کی حیات بیان کرتے ہوئے ان کی شاعری کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

سوال : ۸ جینت پرمار کی شاعری پر بحث کیجئے۔ ۱۴

(حصہ دوّم)

سوال : ۹ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) گجرات میں اُردو زبان کے ابتدائی نقوش کس صدی سے دیکھنے کو ملتے ہیں؟

(۲) ڈاکٹر جان گلکرسٹ نے اُردو زبان کو کس نام سے یاد کیا ہے؟

(۳) شہنشاہ شاہ جہاں نے اُردو زبان کو کس خطاب سے نوازا؟

(۴) گجرات کے وہ کون سے شاعر ہیں جو "خواجہ خضر" کہلاتے تھے؟

(۵) "مرآت احمدی" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(P.T.O.)

N 207-2

(۶) ولیؔ دکنی نے کس عنوان سے ایک پُر درد قطع لکھا ہے؟

(۷) "تذکرۂ سخن ورانِ گجرت" کے خلاق کون ہیں؟

(۸) گجرات کے پہلے خود مختار سلطان کا نام کیا ہے؟

(۹) اکبر نے عیسوی کس سن میں گجرات کو مغلیہ سلطنت میں شامل کیا؟

(۱۰) گجرات کے اُس قدیم صوفی شاعر کا نام کیا ہے جس کا نقشِ نگیں "اللہ باقی محمد ساقی" ہے؟

(۱۱) محمد امین گجراتی کا تعلق گجرات کے کس شہر سے ہے؟

(۱۲) قاضی محمود دریائی نے کس شاعر کے جکری کلام سے ترغیب لے کر اپنا جکری کلام تخلیق کیا؟

(۱۳) گجرات کے اُس قدیم صوفی شاعر کا نام کیا ہے جس کی موت سجدے میں گر کر ہوئی؟

(۱۴) لاطینی مصنفوں نے اُردو کو کس نام سے یاد کیا ہے؟

(۱۵) سلطان تیمور کس سن میں دہلی پر حملہ آور ہوا؟

(۱۶) ولیؔ گجراتی کی دہلی میں کس شاعر سے ملاقات ہوئی؟

--------پایان-------